## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکن صغیر احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر، یونٹ 99 کے فنانس سیکریٹری صغیر احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے دکھ میں برابر کا شریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## تحریک انصاف کا وائٹ پیپر جھوٹ کا پلندا ہے، ارکان قومی اسمبلی
## حکیم سعید قتل کیس میں ایم کیوایم کے کارکنوں کو باعزت بری بھی کیا جاچکا ہے
## عوامی حمایت سے محروم جماعت کوایم کیوایم پر بہتان تراشی سے قبل شرم کرنی چاہئے

کراچی۔۔۔17، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے تحریک انصاف کی جانب سے ایم کیوایم کے خلاف وائٹ پیپر کو جھوٹ کا پلندا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کی نااہلی کے ریفرنس سے تحریک انصاف کے رہنماء شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہیں ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان بھر کے عوام کے سامنے یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہوچکی ہے کہ سابق گورنر سندھ حکیم محمد سعید اور روزنامہ تکبیر کے مدیر صلاح الدین کا قتل ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ تھا۔جس کا مقصد ایم کیوایم کے خلاف آپریشن کا جواز پیدا کرنا اور ملک بھر کے عوام کوایم کیوایم سے بدظن کرنا تھا۔انہوں نے کہا کہ سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے حکیم سعید قتل کیس میں ایم کیوایم کے کارکنوں کو باعزت بری بھی کیا جاچکا ہے لیکن عدلیہ کی آزادی اور احترام کے نعرے لگانے والے سندھ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کا احترام کرنے کو تیار نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی اعلیٰ قیادت پر سنگین جرائم کا بہتان لگانے والے اس حقیقت کو فراموش کر گئے کہ عمران خان نے اپنی پوری زندگی پلے بوائے کے طور پر گزاری اور وہ خود اس حقیقت کا اعتراف کر چکے ہیں کہ ان کے سیتا وائٹ سے ناجائز تعلقات تھے اور سیتا وائٹ سے ناجائز تعلقات کے نتیجے میں پیدا ہونے والی ٹیریان، ان کی بیٹی ہے۔انہوں نے کہا کہ دراصل ایم کیوایم کی جانب سے عمران خان کے خلاف ریفرنس پر تحریک انصاف بری طرح بوکھلاہٹ کا شکار ہے اور انہیں عمران خان کا سیاسی مستقبل تاریک دکھائی دے رہا ہے یہی وجہ ہے کہ وہ پنجاب کے عوام کو گمراہ کرنے کیلئے ایک مرتبہ پھر جھوٹے ،منفی اور بے بنیاد الزامات کا سہارا لیکر ایم کیوایم پر بہتان تراشی کر رہی ہے لیکن انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ مکروفریب اور دروغ گوئی کے ذریعے نہ تو ایم کیوایم کو حق پرستی کی جدوجہد سے باز رکھا جاسکتا ہے اور نہ ہی ملک بھر کے عوام کوایم کیوایم سے بدظن کیا جاسکتا ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ لاکھوں کروڑوں عوام کی منتخب نمائندہ جماعت ہے اور عوامی حمایت سے محروم جماعت کوایم کیوایم پر بہتان تراشی سے قبل شرم کرنی چاہئے۔

## ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے کارکن راغب عباسی کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ، برمنگھم یونٹ کے کارکن راغب عباسی کے والد عبدالرب عباسی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے کارکن راغب عباسی کے والد عبدالرب عباسی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

## گلبرگ ٹاؤن یوسی 7 کے حق پرست نائب ناظم کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔17، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلبرگ ٹاؤن یوسی 7 واٹر پمپ کے حق پرست نائب ناظم شیخ محمد طارق کی والدہ محترمہ صفیہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## دادو کے گاؤں بروڑا، گنڈی چوکھی اور چانڈیو کے 11،سو متاثرہ خاندانوں میں ایم کیوایم کی جانب سے غذائی اجناس کی تقسیم

## شہدادکوٹ کے 110 اور قمبر کے 180 متاثرہ خاندانوں کو غذائی اجناس کی فراہمی

دادو۔۔۔17، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے اندورن سندھ کے ڈسٹرکٹ دادو میں سیلابی ریلے سے متاثرہ 11،سو سے زائد خاندانوں میں غذائی اجناس کے پیکٹ تقسیم کئے گئے جو کہ ایک خاندان کیلئے ایک ہفتے تک کی غذائی ضروریات پوری کرسکتا ہے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے یہ امدادی اور غذائی اشیاء ڈسٹرکٹ دادو کے گاؤں بروڑا، گنڈی چوکھی اور چانڈیو کے متاثرین میں تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست خصوصی معاون مرتضیٰ میمن ، ایم کیوایم دادو کی زونل کمیٹی کے اراکین اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے دادو کی کین شاہ تحصیل اور فرید آباد تحصیل کا دورہ کیا اور سیلابی ریلے سے متاثرہ خاندانوں میں امدادی اشیاء تقسیم کیں۔واضح رہے کہ سیلابی ریلے سے متاثرہ خاندانوں نے اے ایف پی بند میں پناہ لے رکھی ہے اور وہ گزشتہ کئی دنوں سے غذائی اجناس سے محروم تھے۔ایم کیوایم کی جانب سے امدادی اور غذائی اشیاء کی فراہمی پر متاثرہ خاندانوں نے دلی تشکر کا اظہار کیا اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و عافیت کیلئے دعائیں کیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی نثار احمد پنہور، ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ کی زونل کمیٹی کے ارکان اور امدادی ٹیم کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سیلاب زدگان کیلئے جمع کی جانے والی غذائی اجناس کے ہمراہ شہداد کوٹ کے سیلابی ریلے سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور ڈیسنٹ پرائمری اسکول، کے جی پرائمری اسکول اور احمد چانڈیو پرائمری اسکول میں پناہ لینے والے متاثرین سے ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے 110 سے زائد متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس کے پیکٹ تقسیم کئے ۔ بعدازاں ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کے ارکان نے قمبر کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور مختلف اسکولوں میں پناہ لینے والے متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے 180 متاثرہ خاندانوں میں امدادی اشیاء اور غذائی اجناس تقسیم کیں۔مزید براں متاثرین سے بات چیت کرتے ہوئے نثار احمد پنہور نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے اب تک شہداد کوٹ اور قمبر میں سیلابی ریلے سے متاثرہ 2000 خاندانوں میں امدادی اشیاء اور غذائی اجناس تقسیم کی جاچکی ہیں جس کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے صغیر احمد انتقال کر گئے، سوئم جمعرات کو ہوگا

کراچی ۔۔۔17، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے فنانس سیکریٹری صغیر احمد ولد انیس احمد حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال پر کر گئے،(انا اللہ وانا الیہ راجعون )۔مرحوم کی عمر 45 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، دولڑکے اور ایک لڑکی شامل ہے۔دریں اثناء صغیر احمد مرحوم کو ائیر پورٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ نورانی مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی حمید الظفر ،ملیر ٹاؤن کے حق پرست ناظم انصار احمد، یوسی ناظمین،کونسلرز،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں صغیر احمد مرحوم کا سوئم جمعرات 19 جولائی کو نورانی مسجد نشتر اسکوائر میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## شباب ملی کے متعدد ذمہ داران اور کارکنان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔17، جولائی 2007ء

جماعت اسلامی کی ذیلی تنظیم شباب ملی قذافی اورظفرٹاؤن سے تعلق رکھنے والے متعدد پختون ذمہ داران وکارکنان نے ایم کیوایم کی جانب سے غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کی جدوجہد سے متاثرہ ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت قذافی ٹاؤن یوسی 4 میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد نے کہا کہ ایک منظّم سازشی منصوبے کے تحت غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو آپس میں لڑانے اورشہر کا امن تباہ کرنے کے منصوبے بنارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے پختون عوام شہر کی ترقی وخوشحالی چاہتے ہیں اورانشاءاللہ سازشی عناصر کے مذموم عزائم کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں گے۔اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اور 98 فیصد غریب ومظلوم عوام کے جائز حقوق کا حصول چاہتی ہے۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے افراد کا خیر مقدم کیا اورانہیں مبارکباد پیش کی۔

## صغیر احمد، رئیس بانو، رابعہ بیگم اورنصرت کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔17، جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے فنانس سیکریٹری صغیر احمد، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن سید شاہد احمد کی والدہ رئیس بانو، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن تنویر یاسر کی والدہ رابعہ بیگم اورایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے پختون کارکن گل فرین کے صاحبزادے نصرت کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆